M.Ed/III Sem/MMED322DST/Dec 2017

2017 دسمبر | M.Ed Regular (ریگولر) ایم۔ایڈ | III Semester تیسرا سمسٹر

Paper - (MMED322DST) Specialisation - II : Secondary Educatin :
(Policy & Practice relating to Curriculum, Pedagogy & Assessment)

3 Hrs : گھنٹے وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1 :

(i) لاطینی لفظ 'Currere' کا لغوی معنی کیا ہے؟

(ii) دوپہر کے کھانے کی اسکیم Mid-day Meal Scheme کا اہم مقصد کیا ہے؟

(iii) NCERT کے تحت کتنے علاقائی (RIEs) کالج آف ایجوکیشن کام کر رہے ہیں؟

(iv) دنیا میں سب سے پہلے کس ملک میں اوپن یونیورسٹی کا قیام عمل میں آیا تھا؟

(v) سکنڈری ایجوکیشن کمیشن کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(a) کوٹھاری کمیشن (b) مدلیار کمیشن (c) ہرٹوگ کمیشن (d) ہنٹر کمیشن

(vi) تعلیمی منصوبہ بندی اور انتظامیہ کے میدان میں اہم ذمہ داری کس ادارہ کی ہے؟

(a) NAAC (b) UGC (c) NUEPA (d) NCTE

(vii) National Knowledge Commission کے چیرمین (Chairman) کون تھے؟

(a) پدماناون (b) جایتی گھوش (c) اشوک گنگولی (d) سام پترووڈا

(viii) NCERT بنیادی طور پر جن سرگرمیوں میں مشغول (Engaged) ہے۔ وہ ہیں۔

(a) تحقیق و ترقی (b) دوران ملازمت اور قبل از ملازمت برائے اساتذہ

(c) توسیع اور پھیلاؤ کا کام (d) مندرجہ بالا میں سے سبھی

(ix) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں اردو میڈیم اساتذہ کے پیشہ ورانہ فروغ کے لیے، جس مرکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، وہ ہے؟

(a) CUCS (b) CSIT (c) CPDUMT (d) CSSEIP

(x) نو دیا ودیالیہ کی شروعات کس وزیر اعظم کے دور حکومت میں کی گئی؟

(a) اندرا گاندھی (b) راجیو گاندھی (c) پی۔وی۔نرسمہاراؤ (d) چندر شیکھر

حصہ دوم

2۔ معیاری ثانوی تعلیم کے فروغ میں اساتذہ کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

3۔ ہندوستان میں ثانوی تعلیم کے موجودہ موقف کا جائزہ لیجیے۔

4۔ راشٹریہ مادھیامک شکشھا ابھیان (Rashtriya Madyamik Shiksha Abhiyan (RMSA) کا مفہوم اور مقاصد بیان کیجیے

5۔ گریڈنگ اور مارکنگ سسٹم (Grading & Marking System) کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

6۔ زیر ملازمت تعلیم اساتذہ کے انتظام اور عمل آوری میں درپیش مسائل کی تشریح کیجیے۔

7۔ تدریس میں استعمال ہونے والے مختلف طرز رسائی کے بارے میں لکھیے۔

8۔ تعلیم کی ہمہ گیریت اور پھیلاؤ کے لیے کوٹھاری کمیشن کے چند اہم سفارشات پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

9۔ کیندریا ودیالیہ (K.V) کے انتظامی امور پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ تعلیم میں معیار (Quality in Education) کی برقراری کے لیے ملکی سطح پر کام کرنے والے ادارے کا جائزہ لیجیے اور ثانوی سطح پر مدرسہ ترک کرنے کی شرح کو کم کرنے کے لیے حکومت کے لیے اقدامات بتائیے۔

11۔ Nutrition Programme for Adolescent Girls (NPAG) ‘ Krishori Shakti Yojana (KSY) اور Dhana Lakshmi Scheme پر تفصیل سے نوٹ لکھیے۔

12۔ نصاب کی تعریف بیان کیجیے، تعلیمی عمل میں نصاب کی اہمیت بتائیے اور تدوین نصاب کے عام اصولوں کو سمجھائیے۔

13۔ تعین قدر سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مسلسل اور جامع جانچ ثانوی جماعت کے طلبہ میں کس طرح سے بہتری لا سکتی ہے؟ تعین قدر کے مختلف آلات کے نام لکھیے۔

14۔ کسی کورس کے مواد کی موزونیت، اس کی اہمیت اور ان مواد کی سماجی حقائق سے ربط پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔

☆☆☆